# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 26 June 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۲۶/جون ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ لوک سبھا اسپیکر عہدہ کے لیے آج انتخاب ' این ڈی اے کے اوم بِرلا کے سامنے کانگریس کے کے سُریش کا چیلنج'

مہاراشٹر ودھان پریشد کی 4 نشستوں کے لیے آج رائے دہی

☆ قدرتی آفات متاثرین کو 4 دنوں میں نقصان بھرپائی مکمل کی جائے ' وزیراعلیٰ کا حکم

☆ چھترپتی سنبھاجی نگر کے ڈیویژنل کمشنر عہدہ پر دلیپ گاوڑے جبکہ پولس کمشنر عہدہ پر پروین پوار کا تقرر

☆ نیٹ معاملہ میں لاتور کے ملزم ٹیچر سنجئے جادھو کو بھی 2 جولائی تک پولس کسٹڈی

اور

☆ T-20 عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں آسٹریلیاء کا چیلنج ختم ' سیمی فائنل میں کل بھارت کا انگلینڈ سے جبکہ جنوبی افریقہ کا افغانستان سے مقابلہ

اب خبریں تفصیل سے...

لوک سبھا اسپیکر کے لیے آج انتخاب ہوگا۔ NDA نے اِس عہدہ کے لیے سابق اسپیکر اوم بِرلا کو دوبارہ موقع دیا ہے۔ انھوں نے کل امیدواری پرچہ داخل کیا۔اپوزیشن کی جانب سے کانگریس رکن پارلیمان کے سُریش نے امیدواری پرچہ داخل کیا ہے۔اِس انتخاب کے لیے کانگریس نے اپنی پارٹی کے ارکان پارلیمنٹ کے لیے وہیپ جاری کیا ہے۔

دریں اثناء کانگریس لیڈر راہل گاندھی کی بطور لوک سبھا کے قائد حزب اختلاف انتخاب کیے جانے کی اطلاع کانگریس جنرل سیکریٹری کے سی وینوگوپال نے دی۔

***** ***** *****

18 ؍ویں لوک سبھا کے پہلے اجلاس میں نئے اراکان پارلیمنٹ کو عہدہ کا حلف دلانے کی کارروائی مکمل ہونے کی اطلاع پروٹیم اسپیکر بھرتر ہری مہتاب نے دی۔ مراٹھواڑہ کے سندیپان بھومرے ' ناگیش پاٹل اشٹی کر ' بجرنگ سونو نے سمیت مہاراشٹر اور ملک بھر کے باقی ارکان نے حلف لیا۔ اِس کے بعد ایوان کی کارروائی دن بھر کے لیے ملتوی کر دی گئی۔

دریں اثناء نائب صدر جمہوریہ اور راجیہ سبھا کے چیئر مین جگدیپ دھنکڑ نے کل راجیہ سبھا کی نئی منتخب شدہ رکن سُنیترا اپوار کو عہدہ کا حلف دلایا۔

***** ***** *****

وِدھان پریشد کے ممبئ اور کوکن گریجویٹ حلقہ اسی طرح ناندیڑ اور ممبئ ٹیچرس حلقہ انتخاب کے لیے آج رائے دہی ہو رہی ہے۔ صبح 7 ؍ بجے سے شروع ہونے والی رائے دہی شام 6 ؍ بجے تک جاری رہے گی۔ اِن ووٹوں کی گنتی ایک جولائی کو ہوگی۔

دریں اثناء ودھان پریشد کی خالی ہونے والی 11 ؍ نشستوں کے لیے درخواست داخل کرنے کی کل سے شروعات ہوگئی۔ اِس انتخاب کے لیے 2 ؍ جولائی تک امیدواری عرضی داخل کی جاسکتی ہے۔ اور 5 ؍ جولائی تک درخواست واپس لی جاسکتی ہے۔ ضرورت پڑنے پر 12 ؍ جولائی کو رائے دہی ہوگی۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے احکامات دیے ہیں کہ ریاست کے تمام آفت زدگان کسانوں اور شہریوں کو 30 ؍ جون تک نقصان بھرپائی کی امداد تقسیم مکمل کریں۔ وہ کل ممبئ میں خریف ہنگام کی جائزاتی میٹنگ سے مخاطب تھے۔ انھوں نے کہا کہ 25 ؍ فیصد سے کم بارش ہونے والے تعلقوں اور ضلعوں پر خصوصی توجہ دیں۔

دریں اثناء ریاستی سطح کے بینکرس کمیٹی کے 163 ؍ ویں اجلاس سے بھی وزیر اعلیٰ نے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ چھوٹے اور کم زمین رکھنے والے کسانوں کو فصل قرض دینے میں بینک ٹال مٹول نہ کریں۔ فصل قرض دیتے وقت '' سِبّل اسکور '' کی سختی نہ کریں اور ضلع کوآپریٹو بینک اور زرعی قرض فراہمی کمیٹی کو مضبوط کریں۔

***** ***** *****

نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار نے کہا کہ ریاست کے مختلف ترقیاتی منصوبوں کے متاثرین کے لیے قائم کردہ باز آباد گاؤں کو اسی حالت میں دیہی ترقیاتی محکمہ فوراً قبضہ میں لیں ۔ ان باز آباد گاؤں کی ترقی کے لیے ضروری اضافی امداد دیہی ترقیاتی منصبوں کو دی جائے گی ۔ وہ کل ممبئی میں اِس سے متعلق ہوئی جائزاتی میٹنگ سے مخاطب تھے ۔ چٹان گرنے کی وجہ سے مکمل طور پر تباہ بستیاں ' تانڈے اور گاؤں کے متاثرین کو بھی منصوبہ متاثرین کا درجہ دینے اور بیڑ ضلع کے گن ونتی پاٹ بندھارے منصوبہ کے سُکڑی منصوبہ متاثرین کے باز آباد کاری کی تجویز کابینہ کے اجلاس میں پیش کرنے کا فیصلہ اِس میٹنگ میں لیا گیا

***** ***** *****

پونے پورشے کار حادثہ معاملہ میں نابالغ ملزم کی نابالغ اصلاح مرکز سے فوراً رہائی کے احکامات ممبئی ہائی کورٹ نے دیے ہیں ۔ ملزم کی پھوپھی کی داخل کردہ عرضی پر ہوئی سماعت میں عدالت نے یہ حکم دیا ہے ۔لیکن ملزم کی کونسلنگ جاری رہنے کا کورٹ نے کہا ہے ۔

دریں اثناء نابالغ ملزم کو ضمانت مل بھی گئی تو اِس معاملہ کے مجرمین کے خلاف کارروائی کرنے کی اطلاع وزیر اعلیٰ نے دی ہے ۔ اِس حادثہ میں ہلاک ہونے والوں کے خاندان کو کل وزیر اعلیٰ کے ہاتھوں 10 / لاکھ روپئے کی رقم دی گئی ۔

***** ***** *****

درجہ فہرست ذات اور نو بودھ زمرے کے تمام صفائی ملازمین کو لاڈ پاگے کمیٹی کی سفارش لاگو کرنے کا حکم ممبئی ہائی کورٹ کی اورنگ آباد بینچ نے دیا ہے ۔ ریاستی حکومت کے فیصلہ کے مطابق درجہ فہرست ذات زمرے کے 59 / میں سے صرف 3 / صفائی ملازمین کے وارثین کو اِس کمیٹی کی سفارش لاگو تھی اِس پر کورٹ نے یہ فیصلہ دیا ۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر کے ڈویژنل کمشنر عہدہ پر دلیپ گاوڑے کا تقرر کیا گیا ہے ۔گاوڑے 2007ء بیچ کے آئی اے ایس افسر ہے ۔ مدھوکر راجے آرڈے کے سبک دوش ہونے کے بعد گاوڑے کا تقرر کیا گیا ۔

دریں اثناء پونہ کے جوائنٹ کمشنر آف پولس پروین کمار کی چھترپتی سنبھاجی نگر کے پولس کمشنر کے طور پر تقرری کی گئی ہے ۔

***** ***** *****

نیٹ امتحان 2024ء بے قاعدگی معاملہ میں ایک اور ملزم کو لاتور پولس نے گرفتار کیا ہے ۔ سنجئے جادھو اِس ملزم ٹیچر کا نام ہے ۔ نیٹ امتحان دینے والے طلباء کے ہال ٹکٹ اِس ملزم کے موبائل میں ملے ہیں ۔ عدالت نے سنجئے جادھو کو 2 / جولائی تک پولس کسٹڈی سنائی ہے ۔

اِس سلسلے میں مرکزی جانچ دستے کی بیڑ میں کچھ افراد کی تحقیقات کرنے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ان میں جل گاؤں کے کچھ اساتذہ کے بھی شامل ہونے کی خبر پولس ذرائع سے ملنے کی اطلاع ہمارے نمائندے نے دی ہے۔

***** ***** *****

T-20 /عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل کی تصویر صاف ہوگئی ہے۔کل جمعرات کو صبح پہلا مقابلہ جنوبی افریقہ اور افغانستان کے مابین ہوگا۔جبکہ دوسرا مقابلہ رات کو بھارت اور انگلینڈ کے مابین ہوگا۔

دریں اثناء کل صبح ہوئے کانٹے کے مقابلے میں افغانستان نے بنگلہ دیش کو ڈک ورتھ لوئس ضابطہ کے تحت شکست دی۔ افغانستان کی اِس جیت سے آسٹریلیاء کا چیلنج ختم ہوگیا ہے۔

***** ***** *****

جالنہ ضلع کے رابطہ وزیر اتل ساوے نے ضلع کھیل میدان پر جاری مختلف کھیلوں کی بنیادی سہولیات فراہمی کے کاموں کو تیزی کے ساتھ مکمل کرنے کے احکامات دیے ہیں۔وہ کل اِس سلسلے میں ضلع کلکٹر دفتر میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع پریشد کی سی ای او مینل کرنوال نے ہر مہینے کی 25/ تاریخ کو ضلع پریشد کے سبھی محکمہ جات میں صفائی مہم چلانے کا بیڑہ اٹھایا ہے۔کل ضلع پریشد کے صدر دفتر سے اِس صفائی مہم کی شروعات کی گئی۔اِس دوران مینل کرنوال نے ازخود احاطے کی صفائی کی۔

***** ***** *****

راجرشی چھترپتی شاہو مہاراج کی 150/ ویں جینتی آج منائی جارہی ہے۔اِس مناسبت سے راشٹروادی کانگریس پارٹی آئندہ یکم جولائی تک چھترپتی شاہو مہاراج سالگرہ تقاریب منائے گی۔

دریں اثناء اِس ضمن میں ناندیڑ شہر میں بھی آج سمتا دنڈی نکالی جائے گی۔اب سے کچھ دیر قبل شہر کے مہاتما جیوتی با پھلے مجسمے کو خراج عقیدت پیش کرکے سمتا دنڈی کا آغاز ہوا۔

***** ***** *****

بزرگ ڈرامہ نگار دِگمبر گوساوی کل پونہ میں انتقال کر گئے۔ وہ 88/برس کے تھے۔ چھترپتی سنبھاجی نگر کی ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے شعبہ ڈرامہ سے سبک دوشی کے بعد انھوں نے روحانی تربیت کی شروعات کی تھی۔ اُن کے جسد خاکی پر کل پونہ میں آخری رسومات ادا کر دی گئیں۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت کے محکمہ قبائلی ترقیات کی جانب سے پسماندہ طبقات و قبائل سے تعلق رکھنے والے طلبا کو چھترپتی سنبھاجی نگر ' جالنہ ' بیڑ اور لاتور اِن 4/اضلاع کے 14/ہاسٹلس میں جماعت گیارہویں کے بعد کی تعلیم کے حصول کے لیے داخلے مفت دیے جا رہے ہیں۔ اہل طلباء سے اِس اسکیم سے استفادہ کرنے کی اپیل چھترپتی سنبھاجی نگر کے قبائلی ترقیات پروجیکٹ افسر نے کی ہے۔

***** ***** *****

لاتور کی ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکُر گھوگے نے گنا توڑنے والے مزدوروں کو بچوں کے ہاسٹل میں داخلوں کا عمل جلد سے جلد مکمل کر لینے کی ہدایت کی ہے۔ وہ سماج کلیان شعبے کی مختلف کمیٹیوں کے جائزاتی اجلاس سے کل خطاب کر رہی تھیں۔ انھوں نے ضلعے میں گنّا توڑنے والے مزدوروں کے بچوں کی معلومات اکٹھی کر کے فی الفور داخلوں کی کارروائی کرنے کے احکامات متعلقہ افسران کو دیے۔

***** ***** *****

ہنگولی کے انو سیا ودّیا مندر میں خواتین و اطفال ترقیاتی محکمے کی جانب سے اطفال قوانین سے متعلق کل بیداری پروگرام منعقد ہوا۔ ضلع تحفظ اطفال افسر سرسوتی کورڈے نے اِس پروگرام میں طلباء کی رہنمائی کی۔

***** ***** *****

آ خر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ لوک سبھا اسپیکر عہدہ کے لیے آج انتخاب ' این ڈی اے کے اوم بِرلا کے سامنے کانگریس کے کے سُریش کا چیلنج،

مہاراشٹر ودھان پریشد کی 4 رنشستوں کے لیے آج رائے دہی

☆ قدرتی آفات متاثرین کو 4 ردنوں میں نقصان بھرپائی مکمل کی جائے ' وزیراعلیٰ کا حکم

☆ چھترپتی سنبھاجی نگر کے ڈیویژنل کمشنر عہدہ پر دلیپ گاوَڑے جبکہ پولس کمشنر عہدہ پر پروین پوار کا تقرر

☆ نیٹ معاملہ میں لاتور کے ملزم ٹیچر سنجئے جادھو کو بھی 2 رجولائی تک پولس کسٹڈی

اور

☆ T-20 رعالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں آسٹریلیاء کا چیلنج ختم ' سیمی فائنل میں کل بھارت کا انگلینڈ سے

جبکہ جنوبی افریقہ کا افغانستان سے مقابلہ

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

☆☆☆

***** ***** ***** ***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****